106500-ہفتہ کے دن روزہ نہ رکھنے کی حکمت

سوال

میں نے آپ کی ویب سائٹ پر پڑھا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہفتہ کے دن کا روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے، برائے مہربانی یہ بتائیں کہ اس کا سبب کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

صرف ہفتہ کے دن کا روزہ رکھنا مکروہ ہے، بعض نے اس کی علت یہ بیان کی ہے کہ یہ دن یہودیوں کی عید کا دن ہے، لیکن اولی یہی ہے اور ظاہر بھی یہی ہوتا ہے کہ اس دن یہودی کام نہیں کرتے تھے اور چھٹی کرتے.

لہذا جب مسلمان اس دن کا روزہ رکھے گا تو وہ کام کاج سے بیٹھ جائیگا، روزے کی وجہ سے وہ کام چھوڑ بیٹھے گا جو کیا کرتا تھا، کیونکہ روزے کی بنا پر بھوک اور پیاس لگتی ہے تو اس طرح اس دن کام کاج نہ کرنے میں یہودیوں کے مشابہ ہو جائیگا" انتہی.